# Telephonic conversation between Prime Minister and Prime Minister of Bangladesh

April 29, 2020

-----------------------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور بنگلہ دیش کے وزیر اعظم کے مابین ٹیلی فونک گفتگو

29 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج عوامی جمہوریہ بنگلہ دیش کی وزیر اعظم عزت مآب شیخ حسینہ سے فون پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم مودی نے ہندوستانی عوام اور اپنی طرف سے وزیر اعظم شیخ حسینہ اور بنگلہ دیش کے عوام کو رمضان کے مقدس مہینے کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔

دونوں رہنماؤں نے کووڈ 19 وبائی مرض کے تناظر میں علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، اور ایک دوسرے کو اپنے متعلقہ ملک میں اس کے اثرات کو کم کرنے کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔

دونوں رہنماؤں نے سارک رہنماؤں کے مابین 15 مارچ کو طے پانے والے خصوصی انتظامات کو عملی جامہ پہنانے میں ہونے والی پیشرفت پر خوشی کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم مودی نے سارک کووڈ 19 ایمرجنسی فنڈ میں 1.5 ملین ڈالر کے تعاون پر وزیر اعظم شیخ حسینہ کا شکریہ ادا کیا۔

وزیر اعظم شیخ حسینہ نے وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے خطے میں کووڈ 19 سے لڑنے کی کوشش کو مربوط کرنے میں پہل کی، اور بنگلہ دیش کو طبی امداد اور صلاحیت بڑھانے کے لئے امداد کی فراہمی میں پہل کی۔

دونوں رہنماؤں نے سڑک، ریل، اندرون ملک آبی گزرگاہوں اور ہوائی جہاز کے ذریعے سرحد پار سے ضروری اشیاء کی فراہمی کے تسلسل پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم مودی نے تاریخ، ثقافت، زبان اور برادرانہ تعلقات کے مشترکہ بندھن کو یاد کرتے ہوئے دوطرفہ تعلقات کی عمدہ صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا، اور کووڈ 19 کے پھیلاؤ پر قابو پانے اور صحت اور معیشت پر وبائی مرض کے اثر کو کم کرنے کے لئے بنگلہ دیش کی امداد کے لئے ہندوستان کی تیاری کی یقین دہائی کرائی۔

وزیر اعظم نے اس تاریخی مجیب برشھو کے موقع پر وزیر اعظم شیخ حسینہ اور بنگلہ دیش کے تمام دوست عوام کی صحت وبھلائی کے لئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**نئی دہلی**

**29 اپریل، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.